ہاتھوں اور ہاتھوں کی انگلیوں میں سوجن اور سختی جسکی وجہ سے مریض مٹھی نہیں بند کر سکتا	آرسینک مسٹ	30	000

ہاتھوں کی پکڑ کمزور ہونے کی وجہ سے چیزیں ہاتھ سے گر جاتی ہیں	بوستا	30	000
ہاتھوں کی طاقت گھٹ جاتی ہے جسکی وجہ سے پکڑ کمزور ہو جائے	ایوینا سٹائیوا	30	000
ہاتھوں میں فالجی کمزوری کی وجہ سے مریض چیزوں کو ہاتھوں کی پکڑ کمزور ہونے کی وجہ سے گرا دیتا ہے	اسٹانم	30	000

ہاتھ دھونے کے اثرات (Hands-Washing-effects)

ٹھنڈے پانی میں ہاتھ دھونے سے ہاتھ نیلے پڑ جائیں اور نسیں تن جائیں اور ابھر آئیں	امونیم کارب	200	000
ٹھنڈے پانی میں ہاتھ ڈالنے یا دھونے سے تکلیفات پیدا ہوں	ٹرنٹولا ہسپ	30	000
سردی کے موسم میں یا ٹھنڈے پانی میں ہاتھ دھونے سے ہاتھوں کی انگلیاں پھٹ جائیں اور اس میں سے خون نکلے	سسٹس کین	30	000
نہانے کے بعد ہاتھوں کی جلد سرخ ہو جائے اور اس میں خارش ہو	کلکیریا فاس	30	000
ہاتھوں اور پاؤں کی جلد سردی کے موسم میں یا ٹھنڈے پانی میں دھونے سے یا نہانے سے پھٹ جائے اور اس پر لمبے نشان بن جائیں	ملینڈرینم	30	000

ہاتھ سو جائیں (Hands-going to sleep)

رات میں بایاں ہاتھ کہنی تک سو جایا کرے	اگریکس	30	000
ہاتھ اکثر سو جایا کریں	فاسفورس	30	000
ہاتھ اور پاؤں بیٹھے رہنے پر سو جایا کریں اور چلنے پر ٹھیک ہو جائیں	امونیم کارب	30	000
ہاتھ رات میں سو جایا کریں	سلیشیا	30	000
ہاتھ سو جایا کریں	نکس وامیکا	200	000
ہاتھ کی انگوٹھی والی اور چھوٹی انگلی بیٹھے رہنے پر سو جایا کریں	الیومنا	200	000
ہاتھوں کی انگلیاں، فالجی کیفیت کی وجہ سے سو جایا کریں، سن ہو جائیں	پلمبم	30	000

ہاتھ متفرق (Hands-Misc)

بائیں ہاتھ کا اچانک اکڑ جانا جسکی وجہ سے انگلیوں کو سیدھا کرنا مشکل ہو	انا کارڈیم	30	000
بائیں ہاتھ میں استسقائی ورم	کیکٹس	6	000
تھائی رائیڈ غدود کے فعل میں خرابی کی وجہ سے ہاتھوں اور چہرے پر استسقائی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے	تھائی رائیڈنیم	30	000
ٹھنڈے پانی میں ہاتھ دھونے سے ہاتھ نیلے دکھائی دیں اور جلد پھٹ جائے	امونیم کارب	200	000
چلنے پر ہاتھوں میں ورم ہو جائے	نیٹرم کلوریٹم	6	000
دائیں ہاتھ میں احساس جیسے فالج ہو گیا ہو، نیلا ہو، بھاری پن ہو، مردہ معلوم ہو اور حس نہ معلوم ہو	زنکم مٹ	30	000
دبلا پن خاص طور سے ہاتھوں کا چہرے کا اور جانگوں کا	سلینیم	30	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
روزانہ صبح دونوں ہاتھ میں ورم ہو جائے	نیٹرم کلوریٹم	6	000
سوتے وقت ہاتھوں اور پاؤں میں پھڑکن ہو	نیٹرم سلف	200	000
لکھتے وقت ہاتھ اکڑ جائیں	کالی میور	200	000
لکھتے وقت ہاتھوں میں اینٹھن والا درد ہو	نیٹرم فاس	30	000
مریض کا بایاں ہاتھ سن ہو	گریفائٹس	200	000
مریض کا داہنا ہاتھ سن ہو	رسٹاکس	30	000
مریض کی ایک ٹانگ اور ایک ہاتھ خود بخود حرکت کرتی رہیں	ہیلی بورس	30	000
مریض ہر وقت اپنے ہاتھ ملتا رہے	ہایوسس	30	000
مریض ہر وقت ہاتھ کو حرکت میں رکھے اور انگلیوں کو بھی حرکت میں رکھے	کالی بروم	30	000
ہاتھ اور پاؤں دونوں برف کی مانند ٹھنڈے رہیں	منیا تھیس	30	000
ہاتھ اور کلائی سیاہ اور نیلی ہو جائے	آرسینک البم	30	000
ہاتھ اور ہاتھوں کی انگلیوں میں بائی کے درد جس کی زیادتی سردی میں مرطوب موسم میں، بستر میں اور آرام کرتے وقت ہو	رسٹاکس	30	000
ہاتھ رات میں سو جائیں	سلیشیا	30	000
ہاتھ کانپیں	امونیم کارب	200	000
ہاتھ کے پیچھے اور کلائی کی ہڈیوں میں چوٹ کا سا درد	روٹا	200	000
ہاتھ کے پیچھے کی طرف ریشہ دار عضلات میں کڑکن	فیرم فاس	30	000
ہاتھوں اور انگلیوں پر خشک خارش کرنے والے دانے جن میں بھوسی سی نکلے	اناگلس	30	000
ہاتھوں اور انگلیوں میں اینٹھن جسکی زیادتی کسی چیز کو پکڑنے سے ہو	امبر گریشیا	30	000
ہاتھوں اور انگلیوں میں حد سے زیادہ خشکی کا احساس	انا کارڈیم	30	000
ہاتھوں اور انگلیوں میں کھچنے والے اور پھاڑنے والے درد	پلساٹیلا	200	000
ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے کنارے کے گرد زخم اور جلن ہو	سارسپریلا	30	000
ہاتھوں اور پاؤں میں خود بخود پھڑکن کبھی یہاں کبھی وہاں	منیا تھیس	30	000
ہاتھوں اور پاؤں میں خون کا دوران کم ہونے کی وجہ سے سردی کے موسم میں ہاتھ اور پاؤں مسلسل ٹھنڈے رہیں، ہاتھ اور پاؤں کی جلد پھٹ جائے اور اس میں شگاف پڑ جائیں جن سے خون نکلے	الیومنا	200	000
ہاتھوں اور پیروں اور پورے جسم میں باجرے کی طرح کی پھنسیاں جن کے سرے سفید نوکیلے ہوں، پھنسیاں، دانے، پتی کے مانند ہوں پھنسیاں مشکل سے ٹھیک ہو	آرسینک البم	30	000
ہاتھوں اور کلائیوں میں چیرنے والے درد	سلیشیا	30	000
ہاتھوں اور کہنی کے جوڑ میں فالجی کمزوری جس کی وجہ سے حرکت کرنا مشکل ہو	اینگسچوریا	30	000

ہاتھوں پر پھنسیاں اور چھالے	سسٹس کین	30	000
ہاتھوں پر شگاف جس میں سے خون بہے	لائیکو پوڈیم	30	000
ہاتھوں سے کام لیتے وقت ہاتھ کانپیں	سلیشیا	30	000
ہاتھوں کو حرکت دینے پر اینٹھن والا درد ہو اور فالجی کیفیت کا احساس ہو	سلیشیا	30	000
ہاتھوں کی پست میں اور انگلیوں میں درد	امونیم کارب	200	000
ہاتھوں کی پشت میں اور انگلیوں کے جوڑوں میں گانٹھیں	امونیئم فاس	30	000
ہاتھوں کی جلد پھٹ جائے	امونیم کارب	200	000
ہاتھوں کی جلد سخت ہو جائے اور جگہ جگہ سے پھٹ جائے	گریفائٹس	200	000
ہاتھوں میں استسقائی ورم	ایپس	200	000
ہاتھوں میں بہت پسینہ آئے	زنکم مٹ	30	000
ہاتھوں میں پسینہ کی زیادتی	سلیشیا	30	000
ہاتھوں میں رعشہ	سلیشیا	30	000
ہاتھوں پر مہاسے	انا کارڈیم	30	000
ہاتھوں، ٹانگوں، پیروں کا استسقائی ورم، ہاتھوں اور پاؤں کا سن ہو جانا، اور ان میں کانٹے چبھنے جیسا درد ہو	کالچیکم	30	000

گرمی کی تمتماہٹ، جسم میں (Heat Flashes-in boyd)

ایسا محسوس ہو جیسے جلد کے سوراخوں سے بھاپ نکل رہی ہو	فلورک ایسڈ	30	000
جس میں عام طور پر گرمی کی تمتماہٹ	امل نائٹریٹ	30	000
جسم میں اچانک گرمی کی تمتماہٹ پسینہ اور کمزوری کیساتھ	سیپیا	30	000
جسم میں گرمی کی تمتماہٹ معلوم ہو خاص طور سے عورتوں میں سن یاس کے زمانہ میں	لیکیسس	30	000
شام کو رات میں جسم میں گرمی کی تمتماہٹ، تھرما میٹر میں بخار نہیں معلوم ہوتا حالانکہ جسم گرم ہوتا ہے، گرم چیزوں سے گرم ہوا سے، اور ڈھاکنے سے پریشانی	فلورک ایسڈ	30	000
عورتوں میں سن یاس کے زمانہ میں جسم میں تمتماہٹ	سیپیا	30	000
عورتوں میں سن یاس کے زمانہ میں گرمی کی تمتماہٹ	مینگنم	30	000
گرمی کی تمتماہٹ سینہ میں، معدہ میں، تھرما میٹر بخار ظاہر نہیں کرتا حالانکہ جسم گرم رہتا ہے	فاسفورس	30	000

بالوں کا سفید ہونا (Hair-Greying)

اکیلے بالوں کا سفید ہونا، بالوں کا گرنا، بالوں میں بھوسی	گریفائٹس	30	000
بالوں کا سفید ہونا	جبورنڈی	30	000
بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا	فاسفورک ایسڈ	30	000

بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا، بالوں کا گرنا	لائیکوپوڈیم	30	000
جسم کے کن حصوں کے بال سفید ہو جائیں	آرسینک ہائیڈروجینیم	30	000

بالوں کا گرنا (Hair-Falling)

بچوں کے سر کے بال کے سرے آپس میں الجھ جائیں، اور چمٹ جائیں جن کا الگ کرنا مشکل ہو اور اگر ان گتھے ہوئے بالوں کو کاٹ دیا جائے بال دوبارہ ویسے ہی الجھ جائیں	بورکس	30	000
بھوؤں کے پلکوں اور جسم کے دوسرے اعضاء کے بال گریں	سلینیم	30	000
تھائی رائیڈ ہارمون کی کمی کی وجہ سے بال خشک ہو جائیں اور گر جائیں	تھائی رائیڈنیم	30	000
رنج وغم کی وجہ سے سر کے بال گریں، سر کے بال بہت زیادہ گریں	فاسفورک ایسڈ	30	000
سر کی خشکی کی وجہ سے بال گریں، بال خشک ہو کر گر جائیں	کالی کارب	30	000
سر کے بال بہت زیادہ گریں جسکی وجہ سے گنجہ پن پیدا ہو	بریٹیا کارب	30	000
سر کے بال ٹائیفائیڈ بخار کے بعد کی کمزوری کی وجہ سے گریں	سلینیم	30	000
سر کے بال چتوں کی صورت میں گریں جس سے گنجے پن کے چٹے پیدا ہو جائیں	فاسفورس	30	000
سر کے بال چھونے سے بھی گر جائیں	نیٹرم میور	30	000
سر کے بال حمل کے دوران زیادہ گریں	لیکیسس	30	000
سر کے بال خشک ہو جائیں، چمک ختم ہو جائے، آسانی سے الجھ جائیں گر جائیں	سورینم	30	000
سر کے بال زیادہ گریں، سر کے بال بغیر درد کے ذرا سا کھینچنے پر اکھڑ جائیں	اسٹافی سکیریا	30	000
سر کے بال زیادہ گریں، سر کے بال گر جائیں اور گنجے پن کے چٹے پیدا ہو جائیں	ہیپر سلف	30	000
سر کے بال زیادہ گریں، شدید بیماری یا بچے کی پیدائش کے بعد بال زیادہ گریں	کاربوویج	30	000
سر کے بال کافی تیزی سے گریں	میگنیشیا کارب	30	000
سر کے بال کنگھی کرنے پر دور کریں	نیٹرم سلف	200	000
سر کے بال کی جڑوں میں چھوٹے چھوٹے گومڑ	اکنیشیا	6	000
سر کے بال گریں، سر میں گنجے پن کے چٹے	کالف سلف	30	000
سر کے بال گریں، سر کے بال بچے کی پیدائش کے بعد زیادہ گریں	لائیکوپوڈیم	30	000
سر کے بال مہین ہوں، پتلے ہوں، پھٹ جائیں اور آہستہ آہستہ بڑھیں بچوں میں سر کے بال ٹھیک سے نہ نکلیں، یا نہ نکلیں	تھوجا	30	000
سر کے بال نزلہ کی وجہ سے گریں	بیلاڈونا	200	000
سر کے بال یہاں وہاں چتوں کی صورت میں گریں، سر کے ادھر ادھر اور پیچھے کی طرف گنجے پن کے چٹے، بال جھنڈ کی صورت گریں	کلکیریا کارب	30	000
سر کے بال، بھوؤں کے بال اور پلکوں کے بال گریں	آرسینک البم	6	000

علامات	دوا	طاقت	
سر کے بالوں کا رنگ تبدیل ہو جائے اور گر جائیں	کالی ایوڈائیڈ	30	000
سر کے بالوں کا زیادہ گرنا، بار بار گرنا، کھوپڑی میں خارش، سن یاس میں سر کے بال گریں	سیپیا	30	000
سر کے بالوں کی چمک ختم ہو جائے اور گر جائیں، بالوں کے سرے خشک ہو کر پھٹ جائیں اور گتھ جائیں، ٹائیفائیڈ بخار کے بعد بال گریں	فلورک ایسڈ	30	000
سر کے ڈاڑھی کے بال گریں، کھوپڑی میں خشکی، سر میں بھوسی کی زیادتی سر میں کھجلی، سر میں کہیں کہیں گنجے پن کے چٹے	گریفائٹس	30	000
سر میں بھوسی کی زیادتی کی وجہ سے بال گریں	کینتھرس	200	000
سر میں شدید خارش ہو اور سر کے بال گریں	اینٹم کروڈ	6	000
عورتوں کے جسم پر بال زیادہ نکلیں، عورتوں میں مونچھوں کے بال نکل آئیں اور بازوؤں اور ٹانگوں میں کالے بال زیادہ نکلیں	تھوجا	30	000

کھنکھارنا (Hawking)

علامات	دوا	طاقت	
بات چیت کرتے وقت مسلسل کھنکھارتا رہے، حلق میں بلغم کا اکٹھا ہوتے رہنا اور اسے بار بار صاف کرنا	کلکیریا فاس	30	000
تمباکو نوشی اور سگریٹ پینے والوں میں بار بار کھنکھارنے کی عادت	نیٹرم میور	30	000
تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد برابر کھنکھارنا، حلق میں گاڑھا بلغم ہو	سورینم	30	00
حلق کو بار بار صاف کرنا پڑے، کھنکھارنے پر بلغم کا اخراج ہو	ایوڈیم	30	000
حلق میں بلغم کا اجتماع جس کی وجہ سے مسلسل کھنکھارنا پڑے	امونیم کارب	30	000
حلق میں بلغم کا اجتماع، مسلسل حلق کو صاف کرنا	چینیم آرس	30	000
حلق میں بلغم کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے برابر کھنکھارنا اور حلق صاف کرنا، گلا بیٹھ جائے	ٹرنٹولا ہسپ	30	000
حلق میں جلن اور سوجن جس میں نگلنے پر درد ہو	چینیم آرس	30	000
حلق میں دن بھر گاڑھا بلغم اکٹھا ہوتا ہے جسکی وجہ سے مریض ہر وقت کھنکھار کر کے حلق صاف کرتا ہے	اینٹم کروڈ	30	000
حلق میں سخت بلغم کا اجتماع جسکو بار بار کھنکھارنا پڑے	ایلیم سیپا	30	000
حلق میں گاڑھے بلغم کا اجتماع جسکو نکالنا مشکل ہو کھنکھارنا پڑے	مائی ریکا	6	000
حلق میں گاڑھے بلغم کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے مریض کو مجبوراً کھنکھارنا پڑے جسکی وجہ سے گلا بیٹھ جائے	ارجنٹم نائٹریکم	30	000
مسلسل کھنکھار کر کے حلق سے گاڑھے سخت سفید بلغم کو نکالنا پڑے	ایلنتھس	30	000
مسلسل کھنکھار کر کے شفاف بلغم کو حلق سے نکالنا پڑے	کوکا	6	000
مسلسل کھنکھارنا اور حلق کو صاف کرنا، حلق میں سبز رنگ کا بلغم	پیرس کواڈ	30	000
مسلسل کھنکھارنا، زنگ کے رنگ کا بلغم جو کھٹا ہوا یا نمکین	فاسفورس	30	000
ہوا کی نالی میں بلغم کا اجتماع جسکو بار بار کھنکھار کر نکالنا پڑے	بیلاڈونا	200	000

ہچکی (Hiccup)

علامت	دوا	طاقت	
بار بار ہچکی کا آنا	مرک سال	30	000
بار بار ہچکی کا آنا	یوفروسیم	30	000
دن اور رات ہچکی کی زیادتی	میگنیشیا فاس	30	000
دورے والی ہچکی، ملیریا کے مریضوں میں شدید ہچکی	ایتھوزا	30	000
شدید اور زیادہ ہچکی	ہایوسس	30	000
شدید ہچکی جو بہت پریشان کن ہو	ہائیڈروسیانک ایسڈ	30	000
شدید ہچکی ہچکی اونچی آواز کیساتھ	سائی کوٹا وی	30	000
شدید ہچکیاں جن پر قابو پانا مشکل ہو	زنکم ویلیریانہ	30	000
شدید ہچکی	ایتھم ٹارٹ	30	000
شدید ہچکی	رٹھنیا	30	000
کسی طرح کی ہچکی کو روکنے کی یہ ایک خاص دوا ہے	ایسی ٹک ایسڈ	6	000
کھانے پینے یا تمباکونوشی سے ہچکی	اگنیشیا	30	000
معدہ کی خرابی سے معمولی ہچکی	نکس وامیکا	30	00

آواز کا بیٹھ جانا (Hoarseness)

علامت	دوا	طاقت	
اونچی آواز سے بولنے یا تیز چیخنے کی وجہ آواز بیٹھ جائے	ارنیکا	200	000
اونچی آواز سے پڑھنے یا بولنے کی وجہ سے آوازیں بیٹھ جائے	کلکیریا فلوریکا	30	000
آواز بیٹھ جائے یا آواز بند ہو جائے	کالی فاس	30	000
آواز بیٹھ جائے یا جاتی رہے گانے سے یا زور لگا کر بولنے سے	فرم فاس	30	000
آواز بیٹھی ہوئی ہو، کھرکھری ہو، کمزور ہو اور آواز میں بالکل بیٹھ جائے	آرسینک ایوڈائیڈ	30	000
آواز کا بالکل بیٹھ جانا	کالی کارب	30	000
آواز کئی ہفتہ تک بیٹھی رہے، بار بار گلے کو صاف کرنا	ایوڈیم	30	000
آواز کے بیٹھ جانے کی یہ ایک اچھی دوا ہے	امونیم کاسٹ	30	000
آواز کے زیادہ استعمال سے یا زیادہ بولنے کی وجہ سے یا گانا گانے کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے	ارم ٹری فائکم	30	000
تقریر کرنے کے بعد آواز بیٹھ جائے	فیرم پک	30	000
ٹھنڈ لگ جانے سے آواز بیٹھ جائے یا بند ہو جائے، زبان پر سفید میل	کالی میور	30	000
ٹھنڈا پانی پینے سے آواز بیٹھ جائے	کروٹن ٹگ	30	000
ٹھنڈی اشیاء کے پینے سے آواز بیٹھ جائے، رات کو لیٹنے پر زیادتی ہو	سلیشیا	30	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
زکام ہوتے ہی آواز بیٹھ جائے، فالج کی وجہ سے آواز جاتی رہے آواز صبح کو بیٹھ جائے، آواز بیٹھ جانے کی وجہ سے ایک لفظ بھی نہ بولا جا سکے، جب مریض بولنے کی کوشش کرے ناکام ہو جائے، حلق میں کھر کھراپن	کاسٹیکم	30	000
زیادہ گرمائش کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے، سردی لگ جانے سے آواز بیٹھ جائے	اینٹم کروڈ	30	000
شدید اور بار بار آواز بیٹھ جائے، حلق میں کھر کھراپن	امونیم کارب	30	000
کھانسی اور زکام کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے، ٹھنڈی خشک ہوا کی وجہ سے کھانسی پیدا ہو اور آواز بیٹھ جائے	ہیپر سلف	30	000
گانے والوں کی آواز بیٹھ جائے	ارجنٹم مٹ	30	000
گرمیوں میں یا زیادہ گرمی کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے	برومیم	30	000
گلا بیٹھ جائے اور آواز جاتی رہے	ٹرنٹولا ہسپ	30	000
گلے میں آواز کے آلات کی خرابی یا فالج کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے یا بند ہو جائے	اگزلک ایسڈ	30	000
مسلسل آواز کا بیٹھے رہنا جسکی وجہ سے ایک لفظ بھی بولنا مشکل ہو	کیوپرم مٹ	30	000
زخرے میں بدگوشت کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے	تھوجا	30	0
نزلہ یا زکام جیسے ہی ہو آواز بیٹھ جائے، آواز بالکل ہی بیٹھ جائے	الیومن	200	000

کولہوں میں درد (Hips-Pain)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
کمر کے حصوں میں درد کی وجہ سے کولہے بھی متاثر ہوں جن میں چلنے سے یا جھکنے پر درد ہو	ایسکولس ہپ	30	000
کولہوں کی تکلیفات درد وغیرہ سردی کے موسم میں یا سردی سے پیدا ہوں یا بڑھیں	کلکیریا کارب	30	000
کولہوں کے جوڑ کی بیماری کولہوں سے لیکر گھٹنوں تک میں درد	کالی کارب	30	000
کولہوں کے جوڑوں کا گلنا، پکنا، کولہوں کے جوڑوں کو جوڑنے والے پٹھوں میں پھوڑا، کولہوں کے جوڑوں کی بیماری، کولہوں کے جوڑوں کو پکنے سے روکنے کیلئے مفید ہے	سلیشیا	30	000
کولہوں کے جوڑوں کی بیماری جس میں سوجن ہو، درد ہو اور گرمی ہو	فرم فاس	30	000
کولہوں کے جوڑوں کی بیماری کا دوسرا درجہ جس میں درج سوجن وغیرہ زیادہ ہو	کالی میور	200	000
کولہوں کے جوڑوں کی بیماری، مواد کو جذب کرنے کے لئے	کلکیریا سلف	30	000
کولہوں کے جوڑوں میں تیز فالجی قسم کا درج جو بیٹھے ہونے سے کھڑے ہونے پر ہو، بیٹھی ہوئی حالت میں درد نہ ہو	اورم مٹ	30	000
کولہوں کے، کندھوں کے یا گھٹنوں کے جوڑوں میں درج جیسے موچ آگئی ہو	اگنیشیا	30	000
کولہوں میں پھاڑنے والا درد	اکٹیا اسپائی کاٹا	30	000
کولہوں میں درد جیسے کہ جوڑ میں موچ آگئی ہو	ارنیکا	200	000
کولہوں میں درد، درد کی وجہ سے بستر میں کروٹ لینا مشکل ہو	فارمیکا روفا	30	000
کولہوں میں دیرینہ بائی کا درد جو ذرا سی حرکت سے بڑھ جائے	ایلیم سٹائیوا	30	000
کولہوں میں گلبریوں میں، جانگوں میں یا بائیں پیر میں پھاڑنے والا درد	آرسینک البم	30	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
کولہوں میں مسلسل تیز درد	الیٹرس	30	000
کولہوں میں، گھٹنوں میں پنڈلیوں میں شدید پھاڑنے والا درد	میگنیشیا کارب	30	000
کولہے کی ہڈیوں کے جوڑ میں درد	اکنیشیا	6	000
کولہے یا کولہوں کے جوڑوں کی پرانی تکلیفات میں یہ دوا ہفتہ میں دو بار دینے سے تکلیف جلدی ٹھیک ہو جاتی ہے	بیسی لینم	200	ہفتہ میں دو بار

دائیں کولہے میں درد وغیرہ (Hip-Right-Pain etc.)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
دائیں کولہے کے جوڑ میں شدید درد جو نیچے دائیں گھٹنے تک جائے	کالی کارب	30	000
دائیں کولہے کے جوڑ میں شدید درد	ایکنس کاسٹس	30	000
دائیں کولہے میں بستر میں کروٹ لینے سے شدید درد جیسے کہ موچ آ گئی ہو جس میں چھونے سے بھی درد ہو	سلفر	30	000
دائیں کولہے میں شدید درد	پلیڈیم	30	000
سانس لینے سے دائیں کولہے میں تیز درد ہو	اورم مٹ	30	000

بائیں کولہے میں درد وغیرہ (Hip-Left-pain etc.)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
بائیں کولہے میں کھنچنے والا درد	سلفر	30	000
بائیں کولہے میں درد جیسے موچ آ گئی ہو، حرکت سے زیادہ چھونے سے درد میں زیادتی	لیڈم	30	000
بائیں کولہے میں کھنچنے والا درد	لائیکوپوڈیم	30	000
بائیں کولہے میں جوڑ میں حرکت سے پھاڑنے والا درد	اکونائٹ	200	000
بائیں کولہے میں ڈنک لگنے جیسا درد	کالی کارب	30	000
بائیں کولہے میں شدید درد	کنابس انڈیکا	30	000
بائیں کولہے میں کھنچنے والا درد جو نیچے کی طرف جائے	امونیم کارب	200	000
بائیں کولہے کے جوڑ میں گولی لگنے جیسا شدید درد	اسٹرامونیم	30	000
بائیں کولہے میں ٹیس، درد ہو	نیٹرم سلف	200	000
بائیں کولہے میں تیز درد	بائی ڈرنجیا	30	000
بائیں کولہے کے جوڑ میں درد ایسا معلوم ہو جیسے موچ آ گئی ہو	اری ڈیم	30	000

دردِ سر، گدی میں (Headache-occiput)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
دردِ سر پہلے پیشانی میں شروع ہو اور بعد میں گدی میں جائے، درد کی شدت کی وجہ سے مریض پاگل سا ہو جائے	لیک ویک ڈف	200	000
دردِ سر گدی سے شروع ہو کر بائیں آنکھ پر قائم ہو جائے	اسپائی جیلیا	30	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
دردسر گدی سے شروع ہوکر داہنی آنکھ پر قائم ہوجائے	سنگونیریا کین	30	000
دردسر گدی سے شروع ہوکر گردن اور پیٹھ تک پھیلے	چائنا	30	000
دردسر گدی میں اور گردن میں ہو	ہیلی بورس	30	000
دردسر گردی میں، سر کے اطراف میں، کنپٹیوں میں	فرم فاس	30	000
دردسر دگدی سے شروع ہوکر پورے سر میں اور کندھوں تک پھیلے	جلسی میم	30	000
سردرد گدی کے داہنی طرف سے شروع ہوکر بائیں آنکھ کے اوپری حصہ میں جائے	انڈ یم	30	000
گدی میں دردسر، آنکھوں میں درد، بائیں کنپٹی میں درد	سمی سی فیوگا	200	000
گدی میں شدید اور تیز دردسر	نکس اومیکا	200	000
گدی میں شدید درد جو پورے سر میں پھیلے متلی کیساتھ، جھکنے اور جھٹکا لگنے سے زیادہ ہو، دبانے سے اور کھلی ہوا میں چلنے سے کچھ آرام ہو	میگنیشیا فاس	200	000
گدی میں شدید دردسر جس سے مریض لیٹ جانا چاہے	فاسفورک ایسڈ	30	000
گدی میں شدید دردسر	سائی کوٹاوی	30	000
گدی میں شدید گولی لگنے جیسا درد	میگنیشیا کارب	30	000

دردسر، چاند میں (Headache-Vertex)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
چاند میں شدید تپکن والا دردسر جسکی وجہ سے ایسا معلوم ہو کہ چاند کا حصہ اڑ جائیگا	زنھوکسائلم	30	000
چاند میں شدید تپکن والا دردسر	نیٹرم سلف	200	000
چاند میں شدید دبانے والا تپکن والا دردسر جو پیشانی تک جائے	پیرافین	30	000
چاند میں شدید دردسر، یہ درد خون کے دباؤ کی زیادتی سے بھی ہوسکتا ہے	میگنیشیا کارب	200	000
چاند میں شدید دردسر، معلوم ہو کہ سر کے دوٹکڑے ہوجائینگے	اموینم میور	200	000
چاند میں گولی لگنے جیسا شدید دردسر ایسا معلوم ہو کہ پورا سر اڑ جائیگا لیٹنے سے دردسر میں زیادتی اور درد گدی میں، آنکھوں میں جائے	سمی سی فیوگا	200	000
صبح کے وقت چاند اور سر کے بائیں طرف دردسر کہ مریض اپنے سر کو پکڑ کر ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں بھاگتا پھرے	لیک فل	200	000
عورتوں میں سن یاس کے زمانہ میں چاند پر جلن دار دردسر	لیکیسیس	30	000

دردسر، سورج کیساتھ بڑھے، گھٹے (Headache-Sun)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
دردسر جو سورج کیساتھ ساتھ بڑھے اور سورج غروب ہوتے ہوتے ختم ہوجائے خاص طور سے بائیں طرف کا دردسر	اسپائی جیلیا	30	000
دردسر جو سورج کیساتھ ساتھ بڑھے اور سورج غروب ہوتے ہوتے کم ہوجائے	نیٹرم میور	200	000

دردسر جو سورج کیساتھ ساتھ بڑھے اور شام ہوتے ہوتے ختم ہو جائے	برائی اونیا	200	000
دردسر سورج کیساتھ ساتھ بڑھے اور غروب ہوتے ہوتے کم ہو جائے، خاص طور سے دائنی طرف کا	سنگو نیز یا کین	200	000
صبح اٹھنے کے بعد دردسر شروع ہو اور سورج کیساتھ ساتھ دوپہر تک بہت تیز ہو جائے اور سورج غروب ہونے کے بعد ختم ہو جائے	لیک ویک ڈف	200	000

دردشقیقہ دائنی طرف کا (Hemicrania-Right Sided)

ایک طرف کا دردشقیقہ، دائنی طرف کا یا بائیں طرف کا، مریض اپنے سر کو تھامے اور اٹھ کر بیٹھنے پر مجبور ہو	نکولم	30	000
دائنی طرف کا دردشقیقہ جس میں کھودنے والا درد ہو، ایک طرف کا دردشقیقہ	ارجنٹم نائٹریکم	30	000
دائنی طرف کا دردشقیقہ، سر درد جو زیادہ تر دائنی آنکھ پر قائم ہو، دردسر بڑھنے کیساتھ ساتھ آنکھوں کی بینائی تیز ہوتی جائے	کالی بائکروم	30	000
دائنی طرف کا دردشقیقہ 11-10 بجے دن میں شدید درد، آنکھ سے آنسوؤں کی کثرت	نیٹرم میور	200	000
دائیں طرف کا شدید دردشقیقہ جو صبح سے شروع ہو اور شام تک رہے یعنی سورج کیساتھ بڑھے اور گھٹے	سنگوئنریا کین	200	000
دردسر دائیں آنکھ سے شروع ہو کر سر کے دائیں حصہ میں پھیلتا ہے درد کے دوران متلی یا قے ہو	ائرس ٹنکس	30	000
دردشقیقہ دائیں طرف کا جس کیساتھ متلی اور صفراوی قے بھی ہو سکتی ہے	برائی اونیا	200	000
سر کی دائیں جانب شدید دردسر، آنکھوں کے ڈھیلوں میں درد جو حرکت سے بڑھ جائے	سمی سی فیوگا	200	000
سر کی دائیں طرف کا دردسر، چاند سے دائیں آنکھ تک درد	فرمافاس	30	000

دردشقیقہ بائیں طرف کا (Hemicrania-Left Sided)

بائیں طرف کا دردشقیقہ جس سے کہ یہ بائیں طرف کا سر، بائیں آنکھ اور بائیں طرف کا چہرہ ماؤف ہو	انوسموڈیم	30	000
بائیں طرف کا دردشقیقہ، جو صبح شروع ہو دوپہر کو بہت تیز ہو اور شام کو کم ہو جائے	اسپائی جیلیا	30	000
بائیں طرف کا شدید دردشقیقہ، مریض اپنے سر کو تھامے اور اٹھ کر بیٹھنے پر مجبور ہو، ایک طرف کا دردشقیقہ، دائیں طرف کا یا بائیں طرف کا	نکولم	30	000
بائیں کنپٹی، بائیں آنکھ پر اور بائیں کان میں، چاند میں اور گدی میں شدید درد جس میں لیٹنے سے زیادتی ہو	سمی سی فیوگا	200	000
دماغ کے بائیں طرف کے حصے میں کھودنے والا دردسر، ایک طرف کا دردشقیقہ	ارجنٹم نائٹریکم	30	000
سر کے بائیں طرف آدھے سر کا پھاڑنے والا دردسر	کالی کارب	30	000
سر کے بائیں طرف شدید دردسر	زنتھا کسائکم	30	000
صبح کے وقت سر کی بائیں طرف اور چاند میں شدید درد جس سے بائیں طرف کی ناک اور جبڑے کا حصہ ماؤف ہو اور اتنا شدید ہو کہ مریض ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں بھاگتا پھرے	لیک فلینم	200	000
معدہ کی خرابی اور تیزابیت کی وجہ سے سر کے بائیں طرف بائیں آنکھ کے اوپر شدید درد ہو	کاربوویج	30	000

(Hemicrania-one sided) درد شقیقہ ایک طرف کا

علامات	دوا	طاقت	
ایک طرف کا درد شقیقہ	کلکیریا کارب	30	000
ایک طرف کا درد شقیقہ، دائیں طرف ہو یا بائیں طرف درد شدید ہو، یہ درد سورج کیساتھ بڑھتا ہے اور سورج کیساتھ شام کو ختم ہوتا ہے	لیک ویک ڈف	200	000
ایک طرف کا درد شقیقہ، صبح جاگنے کے بعد شروع ہوتا ہے اور شام تک دھیرے دھیرے بڑھتا رہتا ہے جو نا قابل برداشت ہوتا ہے اور قے تک ہو جاتی ہے	کوفیا	200	000
چبھن والا درد سر جو سر کے ایک طرف ہو، بار بار پھاڑنے والا درد سر جو پیشانی میں ہو	کیموملا	200	000
درد شقیقہ پہلے بائیں طرف کا پھر دائیں طرف کا، درد کی شدت کی وجہ سے اٹھ کر بیٹھنا پڑے اور سر کو ہاتھ سے تھامنا پڑے	نکولیم	30	000

(Headache-Chronic) درد، دیرینہ

علامات	دوا	طاقت	
بوڑھے لوگوں میں دیرینہ درد سر	ایوڈ-یم	30	000
دیرینہ درد سر پیشانی کا جو وقفہ سے ہو اور کھودنے والا درد سر ہو	کرویوزوٹ	30	000
دیرینہ درد سر جو معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہو جس میں سر کو سینکنے سے آرام ہو	میگنیشیا فاس	30	000
دیرینہ درد سر، سر کو گرم کپڑے سے لپیٹنے سے اور گرمی سے آرام ہو	سلیشیا	30	000
سالوں کا دیرینہ درد سر، چاند پر، آنکھوں پر، شدید چبھن والا	لیک وک ڈف	200	000
ملیریا بخار کے دب جانے کی وجہ دیرینہ درد سر	چینم سلف	30	000

(Headache-Misc Conditions) درد سر، متفرق کیفیات

علامات	دوا	طاقت	
اعصابی درد سر جس میں کان میں بھنبھناہٹ ہو اور رونا آئے جس میں کھانے سے آرام ہو	کالی فاس	30	000
آئس کریم یا ملائی برف کھانے کے بعد درد سر	پلساٹیلا	30	000
بچوں کے درد سر کیلئے خاص دوا ہے درد سر چبھن والا ہو	فیرم فاس	30	000
بہت شدید درد سر جو خون کے دباؤ کی زیادتی کی وجہ سے ہی کیوں نہ ہو	میگنیشیا کارب	200	000
پورے سر میں شدید پھاڑنے والا اور گولی لگنے والا درد سر	میگنیشیا کارب	200	000
چہرہ سرخ ہو، سر درد میں زیادتی سر ہلانے اور جھکنے سے ہو	فیرم فاس	30	000
درد سر اچانک پیدا ہو جو پیشانی اور ناک کی جڑ میں ہو، مریض بے چین ہو، نزلہ دب جانے کی وجہ سے پیشانی میں شدید بھاری پن جس سے ایسا لگے کہ دماغ آنکھوں کے راستے باہر نکل جائیگا	اکونائٹ	200	000
درد سر جس میں غذا کی قے ہو	فیرم فاس	30	000
درد سر جس میں کھانسنے سے سر پھٹتا ہوا معلوم ہو	کیپسیکم	30	000

علامات	دوا	طاقت	
دردِ سر جو دورے والا ہو گولی لگنے جیسا ہو جگہ بدلنے والا ہو، اعصابی ہو جس کو سینکنے سے آرام ہو	میگنیشیا فاس	30	000
دردِ سر جہاز، ریل گاڑی، بس یا کشتی میں سفر کرنے سے پیدا ہو چکر کیساتھ	کوکولس	30	000
دردِ سر جیسے جیسے بڑھتا جائے بینائی تیز ہوتی جائے، زکام کے رک جانے کی وجہ سے دردِ سر گدی سے پیشانی تک ہو	کالی بائی کروم	30	000
دردِ سر چکر کیساتھ، چٹکن والا، دبانے والا، سر کو کپڑے سے لپیٹنا چاہیے، سر درد گردی سے چاند تک زیادہ تر دائیں طرف ہو جو شوروغل سے حرکت سے، پڑھنے سے بڑھ جائے اور گرمی سے کم ہو جائے	سلیشیا	30	000
دردِ سر حیض کے رک جانے کی وجہ سے ہو	سورینم	30	000
دردِ سر زیادہ تر پیشانی اور کنپٹیوں میں ہو، صبح کو زیادتی ہو	نیٹرم میور	30	000
دردِ سر شدید دبانے والا اور ناقابل برداشت ہو جو سوچنے اور دماغی محنت سے بڑھ جائے، کنپٹیوں میں شدید پڑھانے والا دردِ سر، سر کے آدھے حصہ میں شدید دردِ سر، پیشانی میں پڑھانے والا دردِ سر	کیموملا	200	000
دردِ سر صبح بستر میں ہو جو اٹھنے سے بڑھ جائے	ڈلکامارا	30	000
دردِ سر صبح سے شروع ہو جو قریب 8-7 بجے شام ختم ہو جائے	اورم مٹ	30	000
دردِ سر صفراوی ہو متلی اور چکر کیساتھ، سر درد دائیں آنکھ کے اوپر سے شروع ہو کر سر کے دائیں طرف پھیلے شدید متلی اور چکر کیساتھ	اِرس ورس	30	000
دردِ سر متلی یا قے کیساتھ، سر درد رنج وغم، دماغی پریشانی سے، سر درد تمباکو نوشی سے بڑھ جائے	اگنیشیا	30	000
دردِ سر، چٹکن والا جو لیٹ جانے سے بڑھ جائے یا سر میں بھاری پن ہو، زکام کے بند ہو جانے سے سر درد پیدا ہو	بیلاڈونا	200	000
دردِ سر، جیسے جیسے دردِ سر بڑھتا جائے بینائی کم ہوتی جائے	زنکم مٹ	30	000
دھوپ کی زیادتی یا تیز روشنی میں کام کرنے سے دردِ سر پیدا ہو	گلونائن	30	000
رات کا کھانا کھانے کے بعد دردِ سر	آرسینک البم	30	000
زیادہ دماغی محنت سے دردِ سر	پکرک ایسڈ	30	000
زیادہ کھا لینے سے یا شراب پینے سے دردِ سر	نکس وامیکا	30	00
زینہ پر چڑھنے سے دردِ سر پیدا ہو یا سر میں بھاری پن پیدا ہو	منیانتھیس	30	000
سر درد حیض کے رک جانے سے پیدا ہو	پلساٹیلا	30	000
سر درد میں نکسیر کی زیادتی	بورکس	30	000
سر میں جکڑن جسکی وجہ سے ہتھوڑے لگنے جیسا دردِ سر زیادہ تر دائیں طرف جسکو ٹھنڈ سے آرام ہو	فیرم فاس	30	000
سر میں، پیشانی میں گدی میں بھاری پن	ڈلکامارا	30	000
سرد خشک موسم میں ٹھنڈ لگ جانے سے دردِ سر، سر ہلانے سے دردِ سر	ہیپر سلف	30	000
سر درد قبض کیساتھ ہو جو آنتوں میں خشکی آنتوں کے فعل میں کمی یا آنتوں میں رطوبت کی کمی کی وجہ سے پیدا ہو	نیٹرم میور	30	000

سکول میں پڑھنے والے بچوں کا دردسر	کلکیریافاس	30	000
سکولی بچوں کا دردسر یا سکولی لڑکیوں میں دردسر حیض کے دوران	نیٹرم میور	30	000
سورج کی تمازت سے دردسر ہو	ویلیریانہ	30	000
شدید دردسر جو شدید قبض کی وجہ سے ہو، پاخانہ سخت ہو اور کبھی خون ملا ہو، سر درد پاخانہ میں زور لگانے سے بڑھے	انڈیم	30	000
شدید دردسر جو کئی دن تک قائم رہے	امونیم میور	200	000
شدید دردسر، اعصابی درد جس میں بینائی کم ہو جائے ہاضمہ کی کمزوری اور قبض کیساتھ	نکولم	30	000
شدید دردسر، چبھن والا، سوراخ کرنے والا، پھٹنے والا دبانے والا ہو، ہتھوڑے لگنے جیسا سر درد جو مسلسل ہو	امونیم کارب	200	000
شدید دردسر، ناقابل برداشت ہوا ایسا معلوم ہو کہ سر پھٹا جا رہا ہے	اسنیاباریٹیا	3x	000
صبح پلنگ سے اٹھ جانے کے کچھ دیر بعد درد محسوس ہو	نکس وامیکا	30	00
صبح نہانے کے بعد دردسر کیلئے بہت اچھی دوا ہے	فاسفورس	30	000
طالب علموں کا دردسر یا ان لوگوں کا دردسر جو تھکن سے نڈھال ہو گئے ہوں	کالی فاس	30	000
عورتوں کے سن یاس کے زمانہ میں شدید چبھن والا دردسر، جسم میں عام گرمی کی تمتماہٹ، گرمی کی لہریں اٹھتی معلوم ہوں	امیل نائٹریٹ	6	000
عورتوں میں آلات تناسل کی خرابی کی وجہ سے دردسر	سمی سی فیوگا	30	000
عورتوں میں سن یاس کے زمانہ میں چاند پر جلن دار دردسر، سر درد سونے کے بعد بڑھے صرف ایک طرف	لیکیسس	30	000
قبض کی وجہ سے دردسر جو ہتھوڑے لگنے والا ہو اور صبح کو ہو	نیٹرم میور	30	000
قبض کی وجہ سے دردسر ہو، صبح جیسے ہی مریض جاگے سر درد محسوس ہو	برائی اونیا	30	000
کھانے پینے کی بداعتدالی اور معدہ کی خرابی سے دردسر	نکس وامیکا	30	00
لو لگنے سے دردسر، سر کے گرد پٹی بندھی ہونے کا احساس خون کے دباؤ کا بڑھنا	کیکٹس	6	000
لو لگنے سے شدید دردسر جس میں چبھن ہو	گلونائن	30	000
معدہ پیٹ کی خرابی کی وجہ سے دردسر	روٹا	30	000
موسم کی تبدیلی سے دردسر	رسٹاکس	30	000
نوجوان لوگوں میں بہت تیز دردسر جو سکول میں پڑھتے ہوں یا دردسر دماغی محنت کے بعد ہو	میگنیشیافاس	30	000
یہ دردسر جھکنے سے، جھٹکے سے زیادہ ہو جسکو دبانے سے آرام ہو، کھلی ہوا میں دردسر زیادہ ہو	میگنیشیافاس	30	000

گلہری میں آنت اترنا (Hernia-Inguinal)

بچوں کے گلہری میں آنت اترنا	نائٹرک ایسڈ	200	000
بڑوں اور بچوں میں گلہری میں آنت بائیں طرف اترے	نکس وامیکا	200	000
بڑوں اور بچوں میں گلہری میں آنت دائیں طرف اترے، دیرینہ تکلیف کیلئے بھی	لائیکوپوڈیم	30	000

علامات	دوا	طاقت	
گلہری میں دونوں طرف آنت کا اترنا			
گلہری میں آنت اترنا جو جلدی واپس اندر ہو جائے	اسٹانم	30	000
گلہری میں آنت اترنا خاص طور سے بائیں طرف	اپیکاک	200	000
گلہری میں آنت اترنا، گلہریوں میں دونوں طرف آنت کا اترنا	امونیم کارب	200	000
گلہری میں آنت اترنا	سلیشیا	30	000
گلہری میں آنت کا اترنا جس میں اینٹھن والا زیادہ درد ہو اور ایسا احساس ہو جیسے آنتوں میں سے ریاح گزر رہی ہے، بچوں میں بھی	پٹرولیم	200	000
گلہری میں آنت کا اترنا، شدید درد کیساتھ	اورم مٹ	200	000
گلہری میں آنت کا اترنا، چھونے سے بہت ذکی الحس ہو	میگنیشیا کارب	200	000
گلہری میں تیزی سے آنت اترنا جس میں درد ہو اور یہ درد چوتڑ میں ہوتا ہے اور ایسا لگتا ہے کہ آنت گانٹھ سی بن گئی ہے	لیکیسس	200	000
	الیومنا	200	000

فوطوں میں آنت اترنا (Hernia-Scrotum)

علامات	دوا	طاقت	
بچوں میں فوطے کے دائیں طرف آنت اتر آئے، آنت کا فوطے میں اترنا پیدائشی بھی ہو سکتا ہے	سورینم	30	00
فوطوں میں آنت اتر آئے اور پھنس جائے اوپر چڑھنا مشکل ہو، فوطوں میں ورم ہو، درد ہو، اور ناف کے گرد شدید درد ہو	پلمم	200	000

ناف میں آنت اترنا (Hernia-Navel)

علامات	دوا	طاقت	
بچوں کے ناف میں آنت اترنا، اگر بچوں میں پیدائشی آنت اتری ہو تو بھی مرض ٹھیک ہو جاتا ہے	اپیکاک	200	000
بچوں کے ناف میں آنت اترنا	تھوجا	30	000
بچوں کے ناف میں آنت اترنا	کیموملا	200	000
ناف میں آنت اتران، آنت باہر آ کر پھنس جائے اور ناف میں سوجن ہو آنت اندر نہ جائے	فیرم فاس	200	000
ناف میں آنت اترنا جو پھنس جائے، سوجن ہو درد ہو، بہت ذکی الحس ہو، ٹھنڈے پسینہ کیساتھ، آنت اندر واپس نہ جائے	اکونائٹ	200	000
ناف میں آنت اترنا، آنت باہر آ کر پھنس جائے	پلمم	200	000
ناف میں آنت اترنا، آنت ناف کے باہر آ جائے	کلکیریا فاس	200	000

جانگوں میں آنت اترنا (Hernia-Femoral)

علامات	دوا	طاقت	
بائیں طرف کی جانگ میں آنت اتر جائے	کلکیریا فاس	200	000
بچوں کے جانگ میں دائیں طرف آنت اتر جائے	اورم مٹ	30	000

جاگ میں آنت اتر آئے، آنت اترنے کی جگہ پر درد، بے چینی ہو، قے ہو، آنتوں میں جلن اور اینٹھن ہو	آرسینک البم	30 ooo
جانگ کے بائیں طرف آنت اتر آئے اور پھنس جائے	پلمبم	200 ooo
دائیں طرف کی جانگ میں آنت اتر جائے	لائیکوپوڈیم	200 ooo

پیڑو (Hypogastrium)

آنتوں میں کھچاؤ سے پیڑوں میں درد جو ہر 15-10 منٹ پر بڑھے جسکو زور سے دبانے سے ختم ہو جائے	کالوسنتھ	200 ooo
پیڑو میں سوجن، پیڑوں کے اندرونی اعضاء کی سوجن جیسے آنتیں، شکم، عورتوں کے اعضاء تناسل وغیرہ	ایلو	200 ooo
پیڑو میں درد جو دہرا ہونے سے کم ہو پیڑو کے نیچے کی طرف دباؤ	کالی فاس	30 ooo
پیڑوں کی گہرائی میں ٹیس والا درد جو پیرنیم میں ہو یعنی وہ حصہ جو آلات تناسب اور مقعد کے بیچ میں ہوتا ہے	بیلاڈونا	200 ooo
پیڑوں میں تیز دباؤ، کمر کے حصے کے طرف دونوں جانب خاص طور سے ناف کے نیچے		
جس کے بعد پاخانہ معلوم ہو	اورم مٹ	30 ooo
پیڑوں میں دبائے والا کھچنے والا درد ہو	کاربوویج	30 ooo
پیڑوں میں درد، پیڑوں میں ریاحی درد جو پیڑوں کی گہرائی میں ہو	چائنا	30 ooo
پیڑوں میں کاٹنے والا درد جو چلنے پر شروع ہوا اور ہر قدم پر درد بڑھ جائے	کالوسنتھ	200 ooo
پیڑوں میں کاٹنے والا درد جو دائیں طرف سے بائیں کو جائے	لائیکوپوڈیم	30 ooo
پیڑوں میں مسلسل کاٹنے والا درد ہو اور آخر بہت تیز ہو جائے کہ مریض کو جھک کر چلنا پڑے	کالوسنتھ	200 ooo
پیڑوں میں ناقابل برداشت نیچے دبانے والا درد جو رحم کے اپنی جگہ سے ہٹ جانے کی وجہ سے ہو	اگریکس	30 ooo
صبح اٹھنے کے فوراً بعد ہی پیڑوں میں شدید درد جو آلات تناسب کے اوپری حصہ میں ہو		
جو آہستہ آہستہ بڑھے اور آہستہ آہستہ کم ہے	بیلاڈونا	200 ooo
کھانا کھانے کے فوراً بعد پیڑوں میں گڑگڑاہٹ پیدا ہو	سائیکلیمن	30 ooo
ناف کے چاروں طرف اور پیڑوں میں بھچنے والا درد	بیلاڈونا	200 ooo

ہسٹیریا، باؤ گولہ (Hysteria)

اچانک جذباتی ہونے سے رنج و غم کے اثرات سے ہسٹیریا کا دورہ ہونا ایسا احساس ہوتا		
ہے جیسے حلق میں ایک گولہ اڑ گیا ہو، بے ہوشی ہو	اگنیشیا	6 ooo
اس دوا کی سب سے بڑی اور خاص علامت یہ ہے کہ ہسٹیریا کے دورے سے پہلے اور بعد میں یا دوران میں مریض		
کی بینائی بہت متاثر ہوتی ہے زیادہ ہو جائے کم ہو جائے یا وقتی طور پر مریض اندھا ہو جائے	ارجنٹم نائٹریکم	30 ooo
حیض سے قبل ہسٹریا کے دورے	ہائیوسمس	30 ooo
حیض کے دوران ہسٹیریا کا دورہ ہو	سمی سی فیوگا	30 ooo
رحم کی خرابیاں، خواہش نفسانی کی زیادتی، حیض کا جلد جلد زیادہ مقدار میں کئی دن تک		

ہوناان سب خرابیوں سے ہسٹیریا کے دورے کا ہونا	پلاٹینا	200	000
رطوبات کے رک جانے کی وجہ سے ہسٹیریا کے دورے	اسافوئیٹڈا	30	000
سن بلوغت میں ہسٹیریا کے دورے کیلئے یہ ایک بہترین دوا ہے	پلساٹیلا	30	000
ناقابل علاج ہسٹیریا اس دوا سے ٹھیک ہوتا ہے	ویلیریانا	30	000
ہسٹیریا اچانک جذباتی ہونے کی وجہ سے یا ہنسی کے دورے یا چیخنے چلانے کے دورے کی وجہ سے، احساس جیسے حلق میں کوئی گولہ اٹھ رہا ہو	کالی فاس	30	000
ہسٹیریا کا دورہ کثرت مباشرت کی وجہ سے پیدا ہو	فاسفورک ایسڈ	30	000
ہسٹیریا کے دورے، جس کیساتھ شدید کمزوری اور غنودگی ہو	نکس ماشکاٹا	30	000
ہسٹیریا کے دورے صرف عزیز اقرباء کی موجودگی میں ہی ہوں اکیلے رہنے پر نہ ہوں، دوسروں کی موجودگی میں دوروں کی نقل اتارتی ہے شاید دوسروں کی توجہ اپنی طرف مرکوز کرنے کے لئے	پلمبم	30	000
ہسٹیریا کے دورے کے دوران اس دوا کی Q طاقت روئی کے پھائے یا رومال بھگو کر سونگھانے سے دورہ جلدی ہی ٹھیک ہو جاتا ہے	ایمل نائٹریٹ	Q	000
ہسٹیریا کے دورے کے دوران یہ دوا مریض کو بار بار ہر 5-10 منٹ کے وقفہ پر دیں، جلد آرام ہو جاتا ہے، بہت اچھی دوا ہے	ماسکس	6	000
ہسٹیریا کے دورے میں حلق کی تکلیف شامل ہو، ایسا احساس ہو جیسے کوئی گولہ حلق میں اڑا ہوا ہے	اسافوئیٹڈا	30	000
یہ دوا ہسٹیریا کی ایک بہترین دوا ہے یہ دوا اس وقت زیادہ موثر ہوتی ہے جب ہسٹیریا اور مرگی دونوں موجود ہوں جیسے Hysterio Epilepsy کہتے ہیں اسکی مریضہ عیار اور مکار ہوتی ہے اسکی طرف نہ دیکھا جائے تو وہ ٹھیک رہتی ہے، نگاہ ڈالتے ہی اینٹھن اور جھٹکے شروع کر دیتی ہے	ٹرنٹولا ہسپ	30	000
یہ دوا ہسٹیریا کی بہترین دوا ہے بے حد بے چینی، بے خوابی ہسٹیریا جس میں معدہ سے حلق تک گرم گولہ اٹھنے کا احساس ہو، یہ دوا اعصابی چڑچڑی ہسٹریکل عورتوں کیلئے بہت مفید ہے	ویلیریانا	30	000

کلیجہ جلنا (Heart-Burn)

بار بار کلیجہ جلنا، صرف ہوا کی ڈکار شام کو اور رات کا کھانا کھانے کے بعد	امونیم کارب	30	000
تیزابیت، کھانے کے بعد معدہ میں بوجھ اور کلیجے کا جلنا	نیٹرم فاس	30	000
جسم گرم ہونے کی حالت میں سرد یا برف کی سی ٹھنڈی اشیاء پینے سے پیدا شدہ تکلیفات	بیلس پرنس	30	000
سینہ اور ہاضمہ کی نالی میں جلن ٹھنڈا پانی پینے سے آرام	پلساٹیلا	30	000
سینہ پر جلن، ریاح کی زیادتی، گرم اشیاء پینے سے آرام	لائیکوپوڈیم	30	000
شکم اور پیٹ میں احساس جیسے کوئلہ دہک رہا ہو کلیجہ کا جلنا، سینہ میں جلن	کاربوویج	30	000
کھٹا پانی منہ تک چڑھ آئے، کلیجہ کا جلنا اور ریاح کا اخراج	نیٹرم سلف	30	000
کچھ کھا لینے کے بعد کلیجے کی جلن کو سکون ہو	اناکارڈیم	30	000

کھانا کھانے کے بعد کلیجہ کا جلنا	نیٹرم میور	30	000
کھانے کے بعد کلیجہ کا جلنا	ارجنٹم نائٹرکیم	30	000

گرم،سرد ہونے سے تکلیفات (Hot to cool/cool to hot-Ailments from)

محنت کے بعد جبکہ انسان گرم ہو، پسینہ نکلا ہوا ہو تو ٹھنڈا پانی یا دوسری کوئی ٹھنڈی چیزیں پی لے یا اپنے جسم کو ٹھنڈی ہوا کے سامنے کردے تو اس سے جو تکلیفات پیدا ہوں چاہے وہ بدہضمی ہو حیض رک جائے یا جلدی تکالیف جیسے چنبل، پتی وغیرہ یا بائی کے درد اس دوا سے ٹھیک ہوتے ہیں	بیلس پرنس	30	000
یہ دوا ان لوگوں کیلئے بہت مناسب ہے جو تکلیف اٹھاتے ہیں گرم جگہ سے ٹھنڈی جگہ جانے پر یا ٹھنڈی جگہ سے گرم جگہ میں آنے پر جیسے پسینہ نکلی ہوئی حالت میں نہالینا یا تیز ٹھنڈی چیز پی لینا یا تیز ٹھنڈا پانی پی لینا یا پسینہ کی حالت میں ایئر کنڈیشن کمرے میں بیٹھنا یا ایئر کنڈیشن کمرے سے باہر گرمی میں آنا ان کی وجہ سے جو تکلیفات پیدا ہوں چاہے وہ زکام ہو، نزلہ ہو، غشی کی کیفیت ہو، بائی کا درد ہو، جلدی تکالیف جیسے چنبل، پتی وغیرہ ہوں ٹھیک ہوتی ہیں	ڈلکامارا	30	000

عادت،متفرق (Habit-Misc)

بلاوجہ کسی سے حسد کرنا، جلنا، کڑھنا	ایپس	200	000
بہت زیادہ بدتمیز، غصہ ور، ناشائستہ	لائیکوپوڈیم	200	00
پاگل پن کی حد تک صفائی پسند	آرسینک البم	200	00
ذرا سی بات پر کسی یقین دلانے کیلئے قسمیں کھانا بلاوجہ دوسروں کو بددعائیں دینا	اناکارڈیم	200	00
زندگی سے بیزار، خوش نہ ہو، مایوس، غمگین	فاسفورک ایسڈ	200	000
عیاش، ذہن ہر وقت عیاشی کے بارے میں سوچے ہر وقت شہواتی خواہشات اور خیالات	اسٹافی سیگریا	200	00
گندہ اور میلا رہنے کی عادت، نہ نہانے کی عادت	سلفر	200	ہفتہ میں دوبار
مریض بہت کاہل اور سست ہو	بریٹاکارب	200	000
مریض خاص طور سے لڑکیاں اپنے گردن کے کپڑے کو دامن کو یا دوپٹہ کے کنارے کو بار بار لپیٹیں کھولیں	اینٹم کروڈ	200	00
مریض کی خراب عادت کہ وہ ہر وقت اپنے عضو تناسب سے کھیلا کرے یا بار بار پکڑے	اسٹرامونیم	200	000
مریض ہر وقت اپنے ہاتھ دھویا کرے بار بار دھوئے کہ گندہ رہ گیا ہے یا گندہ ہو گیا ہے، مالیخولیا	سفلینم	200	0
مغرور، نافرمان، بڑوں کا کہنا نہ ماننے والا	پلاٹینا	200	00
نہایت غصہ ور، ضدی، نافرمان	اسٹافی سیگریا	200	00

فوطوں میں پانی بھر جانا (Hydrocele)

بچوں کے فوطوں میں پانی اتر آئے	ابراٹنم	30	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
چوٹ لگنے کے بعد فوطوں میں پانی بھر جائے	ارنیکا	200	000
فوطوں میں پانی بھر جانا	ایوڈیم	30	000
فوطوں میں پانی بھر جانا	کلکیریا فلوریکا	30	000
فوطوں میں پانی بھر جائے اور وہ غبارے کی طرح پھول جائیں	ڈجی ٹلس	30	000
فوطوں میں پانی بھر جائے آلات تناسل میں درد اور جلن ہو	سلیشیا	30	000
فوطوں میں پانی بھر جائے جسکی وجہ سے فوطے پھول جائیں	آرسینک ایوڈائیڈ	30	000
فوطوں میں پانی بھر جائے، فوطے پھول جائیں	اورم مٹ	30	000
فوطوں میں پانی بھر جائے	ایپس	200	000
فوطوں میں پانی بھر جائے	کاربوہیم سلف	200	000
فوطوں میں پانی بھر جائے	کلکیریا فاس	30	000
فوطوں میں پانی بھر جائے	گریفائٹس	30	000

داہنے ہاپوکونڈریم میں درد (Hypochondriu-Right side)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
داہنے ہاپوکونڈریم میں درد جو اوپر کی طرف پھیلے	ایپس	200	000
داہنے ہاپوکونڈریم میں درد جو درد والے حصہ کی طرف لیٹنے سے زیادہ ہو	کلکیریا فلوریکا	30	000
داہنے ہاپوکونڈریم میں درد جو معدہ کے منہ تک پھیلے جو جھکنے سے، کھانسنے سے	کوکولس	30	000
داہنے ہاپوکونڈرم یم میں درد جس میں حرکت سے زیادتی ہو	ازس ورسی کولر	30	000
داہنے ہاپوکونڈریم میں درد جو پیٹھ تک جائے	چیلیڈونیم	30	000

بائیں ہاپوکونڈریم میں درد (Hypochondrium-Left side)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
بائیں ہاپوکونڈریم میں ایک چھوٹی سی جگہ میں درد جسکو مسلسل ہاتھ سے دبانا پڑے	مانسی نلا	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں درد جو کپڑا تک لگنے سے ذکی الحس ہو، اندر سانس لینے پر بھی درد ہو	نیٹرم سلف	200	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں سانس اندر لینے سے درد ہو	اگریکس	200	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں سختی ہو اور مسلسل جلن دار درد ہو، غذا کی قے ہو	کنڈورینگو	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں مروڑ والا درد	پیرافین	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں درد جیسے کہ چوٹ لگ گئی ہو	آکزالک ایسڈ	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں شدید درد کی وجہ سے مریض نہ جھک سکے اور نہ ہی دائیں کروٹ لیٹ سکے	فاسفورس	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں شدید درد	سیونتھس	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں درد جو پیٹھ تک جائے، جس میں رات کو لیٹنے میں زیادتی ہو	میگنیشیا کارب	30	000
بائیں ہاپوکونڈریم میں گولی لگنے جیسا درد ہو جو رات میں زیادہ ہو	کالی کارب	30	000

دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں درد (Hypochondrium-Both sides)

علامت	دوا	طاقت	خوراک
دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں پھوڑے جیسا درد ہو جو چھونے سے ذکی الحس ہو	سلفر	30	o
دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں چھونے سے درد ہو	کاربووج	30	ooo
دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں درد جو سانس لینے سے ہو	لائیکوپوڈیم	30	ooo
دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں گولی لگنے جیسا درد ہو	ریٹن کیولس بلب	30	ooo
دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں درد جو دبانے سے زیادہ ہو	ایوڈیم	30	ooo
دونوں طرف کے ہائپوکونڈریم میں گولی لگنے جیسا درد ہو	گریفائٹس	30	ooo

خارش بغیر دانوں کے (Itching-without Eruption)

علامت	دوا	طاقت	خوراک
اس زور سے کھجلانا پڑتا ہے کہ جسم سے خون نکل آتا ہے اور پھر درد زیادہ ہوتا ہے بغیر دانوں کے	ایلومنا	200	ooo
بڑھاپے میں جلد میں اور اندام نہانی میں خارش بغیر کسی دانے کے	کلکیر یا فاس	30	ooo
پنڈلیوں پر سرخ اٹھی ہوئی دھاریاں جن کو سہلانے کے بعد بے حد جلن اور خارش ہو	کلکیر یا کارب	30	ooo
پیڑوں میں مسلسل خارش	اوپاس	30	ooo
تمام جسم پر خارش ہو بغیر کسی دانے کے	نیٹرم میور	30	ooo
تمام جسم پر شدید خارش بغیر کسی دانے کے، ٹھنڈے پانی سے کھجلی والی جگہ پر جلن پیدا ہو جائے	ڈالی کس	30	ooo
تمام جسم پر ہر جگہ بغیر دانوں کے خارش اور سرسراہٹ ہو	اناگلس	30	ooo
تمام جسم میں خارش خاص طور سے سینہ پر اور پیٹھ پر بغیر کسی دانے کے	اینٹم کروڈ	30	ooo
تمام جسم میں دن اور رات خارش، بازوؤں میں، ہاتھوں میں انگلیوں کے بیچ میں لیکن بغیر کسی دانے کے	کاربووج	30	ooo
تمام جسم میں شدید خارش کبھی یہاں کبھی وہاں بغیر دانوں کے	اومونیم کارب	30	ooo
تمام جسم میں مسلسل خارش جو کھجلانے پر پھیل جائے بغیر دانوں کے	اناکارڈیم	30	ooo
تمام جسم میں نا قابل برداشت خارش گرم ہو جانے پر خصوصاً بستر کی گرمی سے بغیر دانوں کے	ایلومنا	200	ooo
تمام جلد خشک ہو، رات اور دن خارش معلوم ہو، کھجلانے کے بعد جلن ہو، کپڑا اتارنے سے زیادہ ہو	سلفر	30	o
ٹھنڈ لگنے سے جسم میں خارش ہونے لگے	ریومکس	30	ooo
جسم پر نا قابل برداشت کھجلی جس کی زیادتی گرمی اور بستر کی گرمی سے ہو مریض کھجلائے یہاں تک کہ خون نکل آئے، کپڑا اتارنے سے زیادہ ہو	سورینم	30	ooo
جسم میں بہت خارش ہو، جلد پھٹ جائے، کھجلانے سے خون نکل آئے، ہاتھوں کی پشت پر نا قابل برداشت خارش	پکس لکویڈا	30	ooo
جلد پر جلن اور خارش جسکو چھونے سے درد ہو بغیر دانوں کے	رنن کولس بلب	30	ooo
جلد پر سرخی خارش اور جلن، تمام جسم پر خارش اور جلن جیسے آگ لگی ہو، بغیر دانوں کے	ریڈیم بروم	30	ooo

جلد خشک کھر غدوالی، خارش نا قابل برداشت ہو جسکی زیادتی کپڑا اتارنے سے ہو	کالی آرس	30	000
جلد میں زردی، خارش، خارش جس کی زیادتی کپڑا اتارنے سے ہو	نیٹرم سلف	200	000
چہرے پر خارش جس کو کھجلانے سے جلن پیدا ہو جائے، لیکن کوئی دانہ نہ ہو	آرسینک البم	30	000
خارش جس میں زیادتی ٹھنڈی ہوا لگنے سے ہو	ریومکس	30	000
خارش جسکو کھجلانے سے جلن ہو	لیکیسس	30	000
خارش میں ٹھنڈ سے زیادتی ہو	سیپیا	30	000
خارش، جسم کے مختلف حصوں میں شدید خارش جسکو ٹھنڈے پانی سے آرام ہو	کلیڈیئم	30	000
خارش، کھجلانے کے بعد جلن ہو، خاص طور سے بالوں والی جگہ پر کپڑا اتارنے سے زیادہ ہو	رسٹاکس	30	000
شدید نہ رکنے والی خارش پورے جسم میں بغیر کسی دانے کے	میڈورینم	200	0
نہانے کے بعد جلد سرخ ہو جائے اور اس میں خارش ہو	کلکیریا فاس	30	000
ہتھیلی اور پاؤں کے تلوں میں مسلسل خارش بغیر دانوں کے	ہیپر سلف	30	000

خارش کپڑا اتارنے کے بعد (Itching-after takig off clothes)

خارش میں زیادتی ہمیشہ شام کو کپڑا اتارنے کے بعد اور بستر کی گرمی سے ہو	الیومنا	200	000
خارش میں زیادتی کپڑا اتارنے کے بعد ہو	سلفر	30	0
خارش میں زیادتی کپڑا اتارنے کے بعد ہو	سورینم	30	0
خارش میں زیادتی کپڑا اتارنے کے بعد ہو	رسٹاکس	30	000
خارش میں زیادتی کپڑا اتارنے کے بعد ہو	کالی آرس	30	000
خارش میں زیادتی کپڑا اتارنے کے بعد ہو	نیٹرم سلف	200	00

چوٹ (Injury)

اس دوا کا زیادہ تر استعمال عضلات کی نئی یا پرانی چوٹوں کیلئے ہوتا ہے چوٹ لگنے کے بعد، گر جانے سے، دھچکا لگنے سے اگر تکلیف پیدا ہو جائے جیسے جسم کے مختلف حصوں میں گومڑ، گلٹیاں پیدا ہو جائیں یا چوٹ کھائی ہوئی جگہ سرخ یا نیلی ہو جائے، ہڈی ٹوٹنے سے ورم کا آنا یا ٹوٹی ہوئی ہڈی پر گومڑ یا گلٹی بن جائے، زیادہ جسمانی محنت سے پٹھوں میں درد	ارنیکا	200	000
اعصاب کے چوٹ کے لئے	ہائپریکم	200	000
آنکھوں میں چوٹ کیلئے، آپریشن کے بعد آنکھوں میں تیر لگنے جیسے درد	اسارم یوروپیم	6	000
پرانی چوٹوں میں اعصابی درد	ایلیم سیپا	6	000
پستانوں کے چوٹ کے لئے	بیلس پرینس	30	000
جوڑوں کی چوٹ کے لئے	رسٹاکس	200	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
چوٹ آنے کے بعد جلد سے خون بہنے لگے، اس دوا کا مرہم زخم پر لگائیں	کیلنڈولا	30	000
چوٹ لگ جانے سے تکلیف، سرجری کے بعد اگر مریض کو تشنج ہو جائے تو یہ دوا بہت کارآمد ہے	کلکیریا فاس	200	000
چوٹ لگنے سے اس جگہ پر خون کا اکٹھا ہو جانا، چوٹ کی وجہ سے زخم جو ابھی پکے نہ ہوں، ورم پیدا ہو جائے	فرم فاس	30	000
دماغ میں چوٹ کے لئے	ہیلی بورس	200	000
ریڑھ کی چوٹ کے لئے، انگلیوں کے ناخن کچل جائیں	ہائپریکم	200	000
سردی کے موسم میں اس جگہ درد ہو جہاں بازو یا ٹانگ سرجری سے کاٹ دیئے گئے ہوں	ایلیم سیپا	6	000
غدود میں چوٹ کے لئے، چوٹ کے بعد پستانوں میں گلٹی پڑ جائے، فوطوں میں چوٹ درد، ورم	کونیم	200	000
کچل جانے کی وجہ سے تکلیفات	اکنیشیا	6	000
لیڈم ان چوٹوں کیلئے اکسیر ہے جو نوکیلی چیزوں سے پیدا ہوں	لیڈم	30	000
لیڈم دافع کزاز ہے، اینٹی ٹٹنس ہے	لیڈم	30	000
لیڈم میں چوٹ کی جگہ پر نیلے نشان پڑ جاتے ہیں آنکھوں میں چوٹ لگ جانے کی وجہ سے پیدا شدہ سیاہی کیلئے اکسیر ہے	لیڈم	30	000
ہڈیوں کی چوٹ کے لئے	روٹا جی	200	000
یہ دوا ان آدمیوں کیلئے مفید ہے جو چوٹوں کے اثر کو فوراً زیادہ محسوس کرتے ہیں یا جن کو چوٹوں کے اثر کے نتائج دیر تک تکلیف دیتے رہتے ہیں، عضلات یا پٹھے کھنچ جانے سے تکلیف، اس دوا کا مرحم چوٹ پر لگائیں، چوٹ کی جگہ پر ورم	ارنیکا	200	000

بدہضمی (Indigestion-Dyspepsia)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
باسی مچھلی اور باسی گوشت سے بدہضمی	کاربوویج	30	000
بدہضمی ان لوگوں میں جو زیادہ کھانا کھاتے ہیں خاص طور سے زیادہ گوشت کھاتے ہیں	ایلیم سٹائیوا	30	000
بدہضمی اور معدہ میں بھاری پن	میگنیشیا فاس	6	000
بدہضمی بوڑھے لوگوں میں جن کو قلبی شکایت ہو	ایبس نگرا	30	000
بدہضمی تازے گوشت کے کھانے سے، باسی گوشت سے نہ ہو	کاسیکم	30	000
بدہضمی زیادہ کھانا کھانے سے، زبان پر سفید میل	اینٹم کروڈ	30	000
بدہضمی، کلیجہ جلنا، معدہ کی خرابی	ارجنٹم نائٹریکم	30	000
بدہضمی، معدہ کے منہ میں جلن، کھٹی ڈکار	کیلکیریا کارب	30	000
بدہضمی، ریاح کا زیادہ اخراج، تیزابیت	کاربوویج	30	000
بدہضمی، شکم کے نچلے حصہ میں ابھار، منہ میں پانی آنا	لائیکوپوڈیم	30	000
بدہضمی، کھٹی رطوبت حلق تک چڑھ آئے	اسافوئیڈا	30	000
بدہضمی، معدہ کی سوجن، پیٹ میں درد، معدہ کے منہ پر سوجن اور درد	فرم فاس	30	000

علامات	دوا	طاقت	خوراک
بدہضمی، معدہ یا پیٹ کی خرابی جو دماغی انتشار دماغی پریشانی دماغی اعصابیت، دماغی رنج وغم، دماغی ڈپریشن سے پیدا ہو، یہ اس مرض کی بہترین دوا ہے کالی فاس		6	000
بوڑھے لوگوں میں بدہضمی	چینم سلف	30	000
پرانی بدہضمی، کھٹا پانی منہ میں چڑھ آئے، کلیجہ جلنا، سردی لگنا	سلیشیا	30	000
پیچ دار غذا ہضم نہ ہو، بدہضمی	نیٹرم سلف	200	000
ثقیل غذا، شراب کباب کھانے پینے سے بدہضمی	نکس وامیکا	30	00
جگر کی خرابی سے بدہضمی	چیلون	6	000
چربیلی غذا کے استعمال سے بدہضمی، تیزابیت	نیٹرم فاس	30	000
زیادہ آلو کھانے سے پیٹ کی خرابی اور بدہضمی	الیومنا	30	000
زیادہ چائے پینے سے زیادہ تمباکو کے استعمال سے بدہضمی	ابیس نگرا	30	000
صفراوی بدہضمی شکم میں درد	کیموملا	30	000
کھانے کے بعد معدہ میں بوجھ، بدہضمی	کالی بائکرام	30	000
مرغن غذا کے استعمال سے بدہضمی، زبان پر سفید میل	کالی میور	30	000
ہاضمہ کی رطوبت کی کمی کی وجہ سے بدہضمی، اس دوا سے غذا جزو بدن ہوتی ہے	ال نس	6	000
ہر قسم کی مرغن غذا کے استعمال سے بدہضمی	پلساٹیلا	30	000

انفلوانزا (Influenza)

علامات	دوا	طاقت	خوراک
اس دوا میں مکمل انفلوانزا کی علامت پائی جاتی ہے، ناک سے زیادہ رطوبت کا اخراج، چھینکیں، ناک کی جڑ اور نتھنوں میں درد	سنگونیریا نائٹرکیم	30	000
انفلوانزا کی بہترین دوا ہے، مرض کے شروع اور دوران میں استعمال ہوتی ہے	انفلوانزائینم	200	000
انفلوانزا کیساتھ نمونیہ بھی ہو جائے تو یہ دوا زیادہ کارآمد ہوتی ہے جب وقفہ سے زیادہ پانی کی پیاس پورے جسم میں درد کھانسی، خشک سر درد	برائی اونیا	30	000
انفلوانزا اور انفلوانزا کے بعد کمزوری کیلئے یہ ایک اعلیٰ دوا ہے	نیٹرم سلف	200	000
انفلوانزا، شدید حالت، حلق میں درد، کھانسی، گرم سرد ہو جانا، موسم کا یکایک سرد ہو جانا	ڈلکامارا	30	000
انفلوانزا نزلہ، ناک سے رطوبت کا اخراج، پنڈلیوں میں درد، پورے جسم میں ہڈی ہڈی میں درد	یوپٹوریم پرف	200	000
انفلوانزا، باربار چھینکیں، بہتا ہوا نزلہ، ناک سے رطوبت کا زیادہ اخراج، نزلہ اندر حلق میں بھی گرے	یوفریشیم	30	000
انفلوانزا، ٹھنڈک، گرمی کی لہریں، شدید رواں زکام، رطوبت تیز جلانے والی ہو، چھینکیں، کمزوری، یہ انفلوانزا کی خاص دوا ہے	آرسینک ایوڈائیڈ	30	000
انفلوانزا، جب نزلہ پکنا شروع ہو جائے	مرک سال	30	000
انفلوانزا، جسم میں شدید درد، چھینکیں، کھانسی شام کو زیادہ ہو بھیگ جانے سے یا نمی			

والی جگہ میں رہنے سے مرض پیدا ہو کمزوری	رسٹاکس	30	000
انفلوانزا، چھینکیں بار بار، ناک سے رطوبت کی زیادتی حلق میں سوجن، کھانسی، پیاس کم	سباڈلا	30	000
انفلوانزا، دھیما بخار	چائنا	30	000
انفلوانزا، سر اور حلق میں درد کھانسی، بخار	بیلا ڈونا	200	000
جب انفلوانزا کیساتھ ساتھ نمونیہ بھی ہو جائے، سینہ کی تکلیفات انفلوانزا کی کمزوری کو دور کرنے کی یہ ایک بہت مفید دوا ہے	فاسفورس	30	000
نزلہ زکام، پانی جیسی رطوبت کا اخراج، کھانسی، بے چینی اور پریشانی، دردسر وغیرہ	آرسینک البم	30	000
نزلہ، بخار، غنودگی، تمام بدن میں درد، اگر دست آتے ہوں تو بہت بدبودار ہوں، چہرہ بھرا بھرا ہوا	پٹیا	30	000

گلہری کے غدود (Inguinal-glands)

بائیں طرف کی گلہری کے غدود میں سوجن	مرک بن ایوڈینس	200	000
بائیں گلہری کا غدود اخروٹ کے برابر سوجا ہوا ہو	ڈلکامارا	30	000
بغیر درد کے گلہریوں کے غدود کی سوجن	اسٹافی سگیریا	30	000
دائیں طرف کی گلہری کے غدود میں سوجن اور چیرنے والا درد، عورتوں کی دوسری تکلیفات کیساتھ	پالی گونم	30	000
دائیں طرف کی گلہری کے غدود میں سوجن اور سختی	لائیکوپوڈیم	30	000
دائیں طرف کی گلہری کے غدود میں سوجن	مرک پروٹو آیوڈینس	200	00
سوزاک کے اثر کی وجہ سے گلہریوں کے غدود میں سوجن	کلیمیٹس	30	000
کبھی بائیں گلہری اور کبھی دائیں گلہری کے غدود میں درد ہو	ڈلکامارا	30	000
گلہریوں کے غدود سوجے ہوئے اور بڑھے ہوئے	سلیشیا	30	000
گلہریوں کے غدود سوجے ہوئے اور سخت	نائٹرک ایسڈ	30	000
گلہریوں کے غدود سوجے ہوئے سرخ ہوں چلنے سے اور چھونے سے درد ہو، گلہریوں کے غدود پک جائیں	مرک سال	30	000
گلہریوں کے غدود سوجے ہوئے	کالی میور	6	000
گلہریوں کے غدود کی سوجن	اوسیمم کین	30	000
گلہریوں کے غدود کی یہ ایک اچھی دوا ہے، اس کا اثر گلہری کے غدود پر بہت ہوتا ہے	اورم مٹ	30	000
گلہریوں کے غدود کی یہ ایک بہت اچھی دوا ہے، غدود جلدی ہی غائب ہو جاتے ہیں	ایوڈیم	30	000
گلہریوں کے غدود میں درد بھری سوجن	آرسینک البم	30	000
گلہریوں کے غدود میں سختی سوجن اور درد	الیومنا	200	000
گلہریوں کے غدود میں سوجن اور سختی بغیر درد کے	ڈلکامارا	30	000

گلہری کی جگہ پر درد (Inguinal Region pain)

بائیں گلہری کی جگہ پر درد جیسے کہ اس جگہ موچ آگئی ہو	یوفوربیم	30	000

علامات	دوا	طاقت	
گلٹیوں کی جگہ پر درد جیسے سوجن سے ہو، جب اس جگہ کو دبایا جائے تو وہ جگہ سخت لگتی ہے جیسے کہ سوجی ہو غدود ہوں	اینٹم کروڈ	30	000
گلٹیوں کی جگہ پر شدید درد	آرسینک البم	30	000

نامردی (Impotency)

علامات	دوا	طاقت	
اعصابی لوگوں میں یا اعصابی غیر شادی شدہ مردوں میں گھبراہٹ کی وجہ سے کہ شادی کے بعد کہیں ناکام نہ رہیں	اگنس کاسٹس	200	000
اعصابی نسوں کے فالج اور کمزوری کی وجہ سے نامردی	تھائی مول	6	000
اعضاء تناسل کی کمزوری، قضیب چھوٹا، ٹھنڈا، استادگی نہ ہو، طاقت عمل میں کمی	لائیکوپوڈیم	IM	00
اعضاء تناسل کی نسوں کے فالج کی وجہ سے نامردی	فاسفورس	200	000
بالکل نامردی، استادگی ختم ہوگئی ہو اگر تھوڑی بہت ہو بھی تب بھی ہم بستری کے وقت فوراً ہی خارج ہو جائے	کاربونیم سلف	200	000
بوڑھے لوگوں میں نامردی، خواہشات زیادہ لیکن طاقت عمل ندارد جلق یا نفسانی خواہش کی زیادتی سے نامردی	لائیکوپوڈیم	IM	00
چوٹ لگ جانے کی وجہ سے نامردی پیدا ہو جائے	ارنیکا	200	000
خصیے ٹھنڈے، سوجے ہوئے اور سخت ہوں	اگنس کاسٹس	200	000
عام خواہش نفسانی کی کمی کیلئے، نامردی کی خاص دوا ہے جو جلق کی زیادتی یا کثرت جماع سے پیدا ہو، خصیے سکڑ گئے ہوں	سبل سارولاٹا	Q	00
قضیب چھوٹا ہو	اگنس کاسٹس	200	000
قضیب میں طاقت نہ آئے یا طاقت آئے لیکن بہت کمزور ہو	اگنس کاسٹس	200	000
مردوں میں خصیوں کا سوکھ جانا اور عورتوں میں خصیۃ الرحم یا رحم سرکھ جائے	اکس ریز	200	000
مردوں اور عورتوں میں نفسانی طاقت نہ رہے	اکس ریز	200	000
مردوں میں دھات گرنے کی وجہ سے نامردی	اگنس کاسٹس	200	000
مظبوط اور دیر تک استادگی کے لئے 6 طاقت زیادہ مناسب ہے، قوت نفسانی کی طاقت کو برقرار رکھنے کے لئے Q طاقت کی دوا کے 10 قطرے دن میں تین بار یا 1x طاقت میں دن میں ایک دو بار لیں	یوہمبائنم	6	000
نامردی کثرت جماع، کثرت جلق کی وجہ سے ہو	اسٹافی سکیریا	200	000
نامردی کی خاص دوا ہے، جو کثرت جماع یا کثرت جلق کی وجہ سے پیدا ہوئی ہو، نقاہت بدرجہ کمال ہو	فاسفورک ایسڈ	1x	00
نامردی کی خاص دوا ہے، خواہ یہ نامردی کی کثرت جماع، کثرت احتلام کثرت جلق، سوزاک یا آتشک یا اور کوئی وجہ سے ہو	ڈیمیانا	Q	000
نامردی کیساتھ ساتھ قیفب بھی سکڑ جائے	ارجنٹم نائٹریکم	IM	00
نامردی کیلئے یہ ایک بہت آزمائی ہوئی دوا ہے، یہ ایک طرح کا ٹانک ہے	بفورانا	200	000
نامردی، شہوت پیدا نہ ہو	نیوفرلٹ	Q	000

نامردی، استادگی بالکل ختم ہوگی ہو، اعضاء تناسب میں کمزوری کا احساس، قضیب ڈھیلا ڈھالا ہو کر لٹک جائے — میوریاٹک ایسڈ 200 000

نامردی، استادگی کمزور اور ناکافی، دخول کیساتھ ہی استادگی ختم ہو جائے یا کمزور ہو جائے، مرد جلدی خارج ہو جاتا ہے — سلیشیم 200 000

نامردی، اگر ریڑھ میں چوٹ لگ جانے کی وجہ سے پیدا ہو — ہائپریکم 200 000

نامردی، جلق کی وجہ سے ہو یا دھات زیادہ گرنے سے ہو جسم و جان بہت کمزور ہو گئے ہوں — سیلکس نگرا Q 00

نامردی، جماع کیلئے خود پر اعتماد نہ ہو، ڈر کے مارے ہم بستری نہ کر سکے — اناکارڈیم 200 000

نامردی، خواہش نفسانی دبی ہوئی ہو، زیادہ تر خواہش ہی نہ ہو — کالی فاس 200 000

نامردی، خواہش نفسانی کی زیادتی ہم بستری کے وقت تمام کوششوں کے باوجود قضیب میں طاقت نہ آئے اور خیال چھوڑ دے، طاقت عمل ندارد — اگریکس 200 000

نامردی، خواہش نفسانی کی کمزوری، طاقت عمل ندارد، باوجود عورتوں کیساتھ بوس و کنار کے استادگی نہ ہو، خواہش نفسانی کی زیادتی لیکن قضیب سکڑا ہو ہو — کیلیڈیم 200 000

نامردی، خواہش نفسانی کی کمی یا بالکل ختم ہو جائے — اگنس کاسٹس 200 000

نامردی، عورتوں سے عرصہ تک دور رہنے کی وجہ سے نامردی — کونیم 200 000

نامردی، نامردی کیساتھ خصیے بھی سوکھ جائیں — کالی بروم 200 000

نوٹ: سلکس نگرا اور سبل سرولاٹا کے 15-10 قطرے دونوں دواؤں کو ملا کر دن میں دو بار کچھ دن استعمال کریں

آنتیں (Intestines)

آنتوں اور شکم میں سوجن ہو — لیزم 30 000

آنتوں کی اندرونی جھلی میں ورم ہو، مریض کو تھوڑے تھوڑے پانی کی پیاس ہو اور بے چینی ہو — آرسینک البم 30 000

آنتوں میں بل پڑ جائے یعنی ایک دوسرے میں گتھ جائیں — نکس وامیکا 30 00

